سوال

(67) اذان کے دوران بیت الخلایا استنجاخانہ جانے کا کیا حکم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اذان کے دوران بیت الخلا جانے کا کیا حکم ہے ؟ جبکہ اذان کے کلمات کا جواب بھی دینا ہو اور اگر انتظار کرے تو بیت الخلا اور وضو سے فراغت تک جماعت گذر جانے کا ڈر ہو، خصوصاً نمازِ مغرب میں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دورانِ اذان آدمی بیت الخلا میں جاسکتا ہے لیکن وہاں اذان کا جواب دینا منع ہے کیونکہ نجس مقام ہے ۔ ایسی حالت میں تو نماز موخر ہو جاتی ہے چہ جائیکہ آدمی اذان کا جواب دینے کیلیۓ رُکا رہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ :121

محدث فتویٰ